ضلع گجرات

# الخدمت نیوز

رمضان 1429ھ تا شعبان 1430ھ

www.gujratalkhidmat.org


القرآن

اور جو کچھ ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالا ہے اس میں سے اچھی چیزیں اللہ کی راہ میں خرچ کرو کوئی ردی چیز خرچ کرنے کا قصد نہ کرو۔ حالانکہ وہی چیز اگر کوئی شخص تمہیں دے تو ہرگز قبول نہ کروالا یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے کائنات کی سب چیزیں اس کی تعریف کر رہی ہیں۔ شیطان تمہیں مفلسی سے ڈراتا ہے اور شرمناک طرزعمل اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے فضل اور مغفرت کی امید دلاتا ہے اور اللہ بڑا وسعت والا اور جاننے والا ہے۔

## اس سال الخدمت فاؤنڈیشن نے ضلع گجرات میں 89 لاکھ 25 ہزار روپے کا راشن مستحق گھرانوں میں تقسیم کیا

فری ماہانہ راشن صرف بیوگان اور جن گھرانوں کے سربراہ بوجہ معذوری، بیماری کمانے کے قابل نہ رہے ہوں۔ ان گھرانوں کو دیا جاتا ہے۔ راشن فراہم کرنے کے لیے صدقہ زکوۃ کی رقم بھی استعمال کی جاتی ہے۔ اس وقت ہم ضلع کے 63 مقامات پر 875 خاندانوں کو ہر ماہ اوسطاً 1000 سے 1500 روپے تک کا فری خشک راشن مہیا کر رہے ہیں اس راشن میں آٹا، چینی، گھی اور دالیں شامل ہیں۔

### جن مقامات پر راشن دیا جا رہا ہے

#### تحصیل گجرات

گجرات شہر، دھاروول، دھول کلاں، لکھنوال، دولت نگر، جلال پور جٹاں، فتح پور، کسوکی، بھاگووال ٹانڈا، دالی بانٹھ، چودووال، جھانس، کھوڑی، پھیرا کھٹانہ، سیدا، بامتہ، ڈوگہ، ٹبی رسول شاہ، نٹھر، دڑوا، مہسم، باہووال چیچیاں، دھاڑیوال، چک کمالہ مل، جلال پور صوبتیاں، خان پور کھوکھراں

#### تحصیل کھاریاں

کھاریاں شہر، گلیانہ، ملکہ، بھروٹ، نوتھیہ، حسام رسولپور، لالہ موسیٰ، جوڑا کرنانہ، موہری شریف، دھوریہ، اعوانہ، دھیدڑ، مرزا طاہر، نگڑیاں، لونگو، بھاؤ گھسیٹ پور، ڈھو، ملوانا، صبور، بنیاں، بزرگوال، لانبڑا، رولیہ دھنی، بھوتہ، دھکڑ، باہروال

#### تحصیل سرائے عالمگیر

سرائے عالمگیر شہر I، سرائے عالمگیر سٹی II، ڈاک تہال، ڈاک جٹاں، ڈاک پوٹھی، ہرچال، بھاگ نگر، پوٹھی راجگان، بھلوال غربی، ڈھوک شہانی، ڈھوک امرال، ورینہ، کھوہار، دندی بیسہ، گڑھا حبیب، پوران

## الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کی متاثرین سوات کے لیے خدمات

### ضلع گجرات میں آئے ہوئے تمام سوات متاثرین کو ہر قسم کی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کی گئی

**واپسی کے لیے 13 قافلے روانہ کیے گئے۔ ہر قافلے کو نقد رقوم اور گندم اور نئے زنانہ / مردانہ سوٹ اور راستے کے لیے کھانا اور مشروبات فراہم کئے گئے**

الحمدُ للہ۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق اور نصرت سے الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کی طرح ضلع گجرات میں بھی متاثرین سوات کی دیکھ بھال جس میں رہائش، گھر کا ضروری سامان (برتن، چولھے، کھلونے، جوتے، چارپائی اور بستر وغیرہ)، ضروریاتِ زندگی، اشیائے خورونوش اور نقد امداد بھی شامل ہے، ذمہ داری سے پوری کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس متاثرہ خاندان کی بھی ہمیں کسی نے اطلاع دی یا کسی متاثرہ خاندان نے ہم سے رابطہ کیا اُس کو سنبھالنے کی ذمہ داری ہم نے خوش دلی سے سعادت سمجھتے ہوئے قبول کی۔

کثیر تعداد میں متاثرین سوات کی آمد کے باوجود اُن کے سنبھالنے میں کوئی دقت / پریشانی صرف اس لئے نہ ہوئی کہ الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے 40 سے زائد یونٹس اور 600 سے زائد ذمہ داران دن رات لوگوں کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں اور اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ہنگامی حالات میں بھی کام کرنے کا تجربہ اور جذبہ رکھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے متاثرین سوات کی خدمت کرنے میں کسی قسم کی پریشانی نہ ہوئی۔ اور مخیّر حضرات کے بے پناہ اعتماد کی وجہ سے نہ ہی وسائل کی کمی آڑھے آئی۔ متاثرین کے احوال اور ضروریات سے مکمل آگاہی کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات کے ذمہ داران سمیت، ڈاکٹرز، صحافی حضرات اور مخیّر حضرات پر مشتمل ایک وفد نے مردان کے مختلف کیمپوں کا دورہ بھی کیا۔




**اجتماعیت کے اوپر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہوتا ہے لہذا ہمیں نیکی اور خیر کے کاموں میں تعاوُن اور اجتماعی کوشش کرنی چاہیئے**

### عطیات کی تقسیم

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع گجرات نے تمام عطیات اور سامان کی تقسیم کا کام اپنے ہاتھوں سے اپنے بالائی نظم یا ماتحت نظم کے ذریعے کیا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن نے عطیات اکٹھے کر کے کسی سرکاری افسر یا ایجنسی کے ذریعے استعمال نہ کیے ہیں بلکہ ایک ایک پائی خود ذمہ داری سے سوات متاثرین پر ہی خرچ کیے۔